سوال

کیا مندرجہ ذیل حدیث صحیح ہے اور اس کا معنی کیا ہے ؟ (مجھ سے لکھا نہ کرو، اور جس نے قرآن کے علاوہ جو کچھ لکھا ہے وہ اسے مٹا دے) ، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

جواب

الحمد للہ

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
(مجھ سے لکھا نہ کرو، اور جس نے قرآن کے علاوہ جو کچھ لکھا ہے وہ اسے مٹا دے اور میری طرف سے حدیث بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ۔ ۔) صحیح مسلم کتاب الزھد والرقائق حدیث نمبر (5326) ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی شرح مسلم میں لکھتے ہیں کہ :

قاضی کا قول ہے کہ کتابت علم کے بارہ میں صحابہ اور تابعین میں بہت سا اختلاف تھا ان میں اکثر نے تو اسے مکروہ جانا، لیکن اکثر نے اسے جائز قرار دیا ہے، پھر مسلمان اس کے جواز پر جمع ہو گئے اور یہ اختلاف ختم ہو گیا ۔

اس حدیث میں وارد نہی سے کیا مراد ہے اس میں اختلاف پایا جاتا ہے :

ایک قول تو یہ کہ : یہ اس کے حق میں ہے جس کا حفظ واثق ہے اور اسے حفظ میں پورا وثوق حاصل ہے اور وہ اس سے ڈرتا ہے کہ اگر وہ لکھنا شروع کر دے تو وہ کتابت پر ہی بھروسہ کر لے گا اور حفظ خراب ہو گا ۔

اور وہ احادیث جس میں لکھنے کی اباحت ہے انہیں اس پر محمول کیا جائے گا کہ وہ ان کے لیے ہیں جن کا حفظ کمزور ہے اور وہ حفظ میں وثوق نہیں رکھتے، مثلا حدیث ابو شاہ، اور صحیفہ علی رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث، اور اسی طرح عمرو بن حزم رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث جس میں فرائض، سنن اور دیات کا تذکرہ ملتا ہے ۔

اور اسی طرح وہ حدیث جس میں زکاۃ کا نصاب اور کتاب الصدقہ کا ذکر ہے اور ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ نے انس رضی اللہ تعالی عنہ کو دے کر بحرین کی جانب روانہ کیا تھا، اور ابو ھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث جس میں وہ بیان کرتے ہیں کہ عمرو بن عاص رضی اللہ تعالی عنہ لکھا کرتے اور میں نہیں لکھتا تھا، اس کے علاوہ اور بھی بہت ساری احادیث ملتی ہیں ۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ :

نہی والی حدیث ان احادیث کے ساتھ منسوخ ہے، نہی اس وقت تھی جب اس بات کا ڈر تھا کہ احادیث کا قرآن مجید میں اختلاط نہ ہو جائے تو جب یہ خوف ختم ہوا تو لکھنے کی اجازت دے دی گئی ۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ :

ایک ہی صحیفہ میں قرآن اورحدیث کو لکھنے کی ممانعت تھی تاکہ مل نہ جائے اورقاری پر ایک ہی صحیفہ میں مشابہت نہ ہو۔

واللہ تعالی اعلم ، اھ۔ دیکھیں شرح مسلم (18/129-130)۔

امام بخاری رحمہ اللہ الباری حدیث ابی شاہ کو اس طرح بیان کرتے ہیں :

ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح مکہ سے نوازا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں کھڑے ہوئے اور اللہ تعالی کی حمدوثنا بیان کرنے کے بعد فرمایا :

بلاشبہ اللہ تعالی نے مکہ سے ہاتھیوں کو روک دیا اورلپنے رسول اور مومنوں کو اس پر مسلط کردیا ، دراصل بات یہ ہے کہ مکہ نہ تو مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال تھا اور میرے لیے بھی دن میں تھوڑی دیر کے لیے حلال کیا گیا ہے اور نہ ہی میرے بعد کسی کے لیے حلال ہوگا ۔

تو اس کا شکار بھگا کر باہر نہیں نکالا جائے گا ، اور نہ ہی اس کے درخت کاٹے جائیں گے اور نہ ہی اس میں گری ہوئی چیز ہی حلال ہے الا یہ کہ کوئی اسے اعلان کرنے کے لیے اٹھائے ، اور اگر کسی کا کوئی قتل کردیا جائے تو اس کے لیے دو اختیار ہیں یا تو وہ دیت لے اور یا پھر قصاص ۔

عباس رضی اللہ تعالی عنہ فرمانے لگے اذخر گھاس کے علاوہ اس لیے کہ ہم اسے قبروں اور گھروں کے لیے استعمال کرتے ہیں ، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذخر گھاس کے علاوہ (یعنی باقی درخت حرام ہیں) تو اہل یمن میں سے ابوشاہ کھڑا ہو کر کہنے لگا اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ لکھ دیں ، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوشاہ کو لکھ دو ۔

صحیح بخاری اللقطۃ حدیث نمبر (2254) صحیح مسلم الحج حدیث نمبر (1355) ۔

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں کہ ابوشاہ کے قصہ سے یہ استفادہ کیا جاسکتا ہے کہ (اکتبوالابی شاہ) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے حدیث لکھنے کی اجازت عطا فرمادی ہے ۔

اس حدیث کا صحیح مسلم کی ابوسعید خدری رضی اللہ تعالی عنہ والی حدیث سے تعارض ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

(قرآن کے علاوہ مجھ سے کچھ بھی نہ لکھا کرو) صحیح مسلم ۔

تو ان دونوں کے درمیان جمع اس طرح ممکن ہے کہ لکھنے کی نہی نزول قرآن کے وقت خاص ہے تاکہ وہ حدیث سے خلط ملط نہ ہوجائے ، اور نزول قرآن کے وقت کے علاوہ لکھنا جائز ہے ۔

یا پھر یہ کہ نہی ایک ہی صحیفہ میں قرآن اور غیر قرآن لکھنے کے ساتھ خاص ہے ، اوران دونوں کو علیحدہ علیحدہ لکھنے کی اجازت ہے ۔

یا پھر نہی مقدم اور بعد میں جب خلط ملط ہونے کا خطرہ جاتا رہا تو اجازت دے کر منسوخ کردیا گیا ، اور یہ توجیہ اقرب ہے اور پھر یہ اس کے منافی بھی نہیں ۔

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ : نہی اس کے ساتھ خاص ہے جس کا حفظ کو چھوڑ کر صرف کتابت پر بھروسہ کرنے کا خدشہ ہو ، اور جس سے یہ خدشہ نہ ہو اسے اجازت ہے ۔

علماء کرام رحمہم اللہ کا کہنا ہے کہ :

صحابہ کرام اور تابعین میں سے ایک جماعت لکھنا پسند نہیں کرتی تھی بلکہ وہ یہ پسند کرتے تھے کہ جس طرح انہوں نے حفظ کیا ہے وہ بھی احادیث کو حفظ کریں ، لیکن جب اس کام کے

لیے ہمتیں ناکافی اور امت کو یہ خدشہ پیدا ہوا کہ علم ضائع ہوجائے تو انہوں نے اس کی تدوین کرلی۔ اھ فتح الباری (208/1)۔

واللہ تعالی اعلم.